پریس ریلیز (Also emailed*/faxed separately)

رائے عامہ سروے

## صحت

## کوروناوائرس

# 63% پاکستانی اب بھی یہی رائے رکھتے ہیں کہ کوروناوائرس کا خطرہ اتنا نہیں جتنا بڑھا چڑھا کر بتایا جارہا ہے۔

(گیلپ &گیلانی پاکستان پول)،

(اسلام آباد) ،09 فروری، 2022


گیلپ &گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 63% پاکستانی اب بھی یہی رائے رکھتے ہیں کہ کوروناوائرس کا خطرہ اتنا نہیں جتنا بڑھا چڑھا کر بتایا جارہا ہے۔

کوویڈ-19 ٹریکر سروے کی ویو-13 کی مکمل رپورٹ کے لیے، براہ مہربانی یہاں کلک کریں:

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارتوں سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں کہ کوروناوائرس کا خطرہ اتنا نہیں جتنا بڑھا چڑھا کر بتایا جارہا ہے؟"**۔اس سوال کے جواب میں 17% جواب دہندگان اس بات سے "بلکل غیر متفق" ہیں کہ کوروناوائرس کے خطرے کو بڑھا چڑھا کر بتایا جارہا ہے، 11% جواب دہندگان اس بات سے "کسی حد تک غیر متفق" ہیں کہ کوروناوائرس کے خطرے کو بڑھا چڑھا کر بتایا جارہا ہے، 27% جواب دہندگان اس بات سے "کسی حد تک متفق ہیں" کہ کوروناوائرس کے خطرے کو بڑھا چڑھا کر بتایا جارہا ہے، 36% جواب دہندگان اس بات سے "بلکل متفق" ہیں کہ کوروناوائرس کے خطرے کو بڑھا چڑھا کر بتایا جارہا ہے وہ اتنا خطرناک نہیں ہے، جبکہ 9% جواب دہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**" برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارتوں سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں کہ کوروناوائرس کا خطرہ اتنا نہیں جتنا بڑھا چڑھا کر بتایا جارہا ہے"**

**پاکستان بھر سے**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## تقابلی جائزہ:

کورونا وائرس کا خطرہ اتنا نہیں جتنا بڑھا چڑھا کر بتایا جا رہا ہے کے حوالے سے رائے رکھنے والے پاکستانیوں کی شرح میں اگست 2021 سے لیکر اب تک دوگناہ اضافہ دیکھنے میں آیا ہے یعنی شرح 36% سے بڑھ کر 63% ہو گئی ہے۔

### تقابلی جائزہ





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## دیہی۔شہری علاقوں کے اعتبار سے نتائج:


دیہی علاقوں میں رہنے والے (62%) جوابدہندگان کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے (64%) جوابدہندگان کی تھوڑی زیادہ شرح اس بات سے متفق ہے کہ کورونا وائرس کا خطرہ اتنا نہیں جتنا بڑھا چڑھا کر بتایا جا رہا ہے۔ زیادہ تر ویو میں "کورونا وائرس کا خطرہ اتنا نہیں جتنا بڑھا چڑھا کر بتایا جا رہا ہے" سے متفق رائے رکھنے والوں کی شرح شہری علاقوں میں رہنے والے جواب دہندگان میں زیادہ پائی گئی، حالانکہ دیہی علاقوں کی نسبت شہری علاقوں میں کوویڈ کے زیادہ واقعات پیش آئے۔

### دیہی۔شہری علاقوں کے اعتبار سے نتائج




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## دیہی۔ شہری علاقوں کے اعتبار سے نتائج کا تقابلی جائزہ





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## صوبے کے نتائج:

مجموعی طور پر، یہ کہا جاسکتا ہے کہ پورے پاکستان میں کورونا وائرس کو بڑھا چڑھا کر بتایا جا رہا ہے کے حوالے سے متفق رائے رکھنے والوں کی شرح میں اضافہ ہوا ہے اور تمام صوبوں میں اضافہ کی شرح تقریباً یکساں رہی۔

## صوبے کے نتائج کا تقابلی جائزہ




---

**نوٹ: بلوچستان کے نتائج کے اعداد و شمار اہم نہیں ہیں لہٰذا رپورٹ نہیں کیے گئے۔**

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹر نیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1865 مرد و خواتین سے 22 دسمبر 2021 تا 15 جنوری 2022 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, February 9, 2022**

*(4 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* www.gallup-international.com

Daily Gilani Poll
2022

celebrating 42 years
of Gallup Pakistan
(1980-2022)